© rasailojaraid.com

# وسطی ایشیا کے مسلمان

جلد ۱، شمارہ ۱۱-۱۲ جولائی - اگست ۱۹۹۳ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیرِ نظر شمارہ ایک "طویل تر" مقالے پر مشتمل ہے جس میں برصغیر پاکستان و ہند اور وسطی ایشیا کے درمیان علمی، ثقافتی اور سیاسی تعلقات کے پسِ منظر میں وسطی ایشیا کے مطالعے اور اس کی متنوع جہتوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مقالے میں بنیادی طور پر فارسی اور اردو زبان میں موجود کتب و مقالات کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے۔

برصغیر پاکستان و ہند سے تعلق رکھنے والے بعض اہلِ علم نے مغربی جامعات میں اعلیٰ اسناد کے لیے وسطی ایشیا کی تاریخ و ثقافت یا سیاست پر قلم اٹھایا ہے اور یہ سرمایہ مغربی زبانوں ہی میں چھپا ہے۔ ان شاء اللہ "وسطی ایشیا کے مسلمان" کی کسی آئندہ اشاعت میں مغربی زبانوں اور بالخصوص انگریزی زبان میں اس موضوع پر اہلِ برصغیر کی تحقیقی کاوشوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

ہماری خواہش تھی کہ اس جائزے کے ساتھ وسطی ایشیا سے متعلق کتب و مقالات کی ایک جامع "کتابیات" بھی شائع کی جاتی، مگر پرچے کی متعیّن ضخامت کے پیشِ نظر یہ ممکن نہیں، تاہم قارئین سے ہمارا وعدہ ہے کہ انہیں چند مہینوں میں کتابی صورت میں انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز - اسلام آباد کی جانب سے وسطی ایشیا پر ایک جامع کتابیات مہیّا کر دی جائے گی۔

© rasailojaraid.com